خلیل الرحمٰن ' لالہ موسیٰ

اشارات (اپریل ۹۷) میں آپ نے موجودہ حکمرانوں کو کشمیر کے بارے میں بہت اچھی رہنمائی دی ہے۔ آپ نے فرمایا ہے کہ تمام امور بالآخر مذاکرات کی میز پر ہی طے پاتے ہیں' مگر یہ بھی تاریخی حقیقت ہے کہ ہم نے ہمیشہ بازی مذاکرات کی میز پر ہی ہاری ہے۔ ڈپلومیسی کے موضوع پر ہنری کسنجر کی کتاب' مذاکرات کی اہمیت پر خوب روشنی ڈالتی ہے۔ امریکہ نے اس میں مہارت کے ذریعے اپنے مفادات کی خاطر دوسری قوموں کو ننگی کا ناچ نچا رکھا ہے۔

حارث خورشید ' لیسٹر

لوح ایام (اپریل ۹۷) میں رفیع الدین ہاشمی نے انقلاب ایران کے دنوں کی یاد تازہ کر دی۔ مختار مسعود اب کون سی کتاب لکھ رہے ہیں؟ سرورق کے ڈیزائن تو بہت پیارے ہیں لیکن طباعت معیاری نہ ہونے سے' ان کی دل کشی ماند پڑ گئی ہے۔

سیرین انس ' صادق آباد

ترجمان القرآن کی تحریریں جتنی خوبصورت ہوتی ہیں' ظاہری پیش کش میں اس لحاظ سے کمی محسوس ہوتی ہے۔ کٹائی درست نہ ہونے کی وجہ سے مختلف صفحات پر حاشیے کا عرض مختلف ہو جاتا ہے اور نظروں کو بھدا لگتا ہے۔ سرورق پر تناسب نہ ہونے سے پہلا تاثر ہی اچھا نہیں ہوتا۔

عبدالرشید بھٹی ' کراچی

نفس کے فریب (اپریل ۹۷) میں امام غزالی کی کتاب کا نام احیاء علوم الدین لکھنا چاہیے نہ کہ احیاالعلوم یا احیاءعلوم الدین۔ انگریزی الفاظ جہاں ضروری ہوں' ضرور لائے جائیں لیکن جہاں مناسب اردو متبادل موجود ہوں' انگریزی سے احتراز کیا جائے تو بہتر ہوگا۔

خریدار توجہ فرمائیں

تمام ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک' ڈرافٹ یا منی آرڈر کی جائیں۔ بعض احباب لفافہ میں ڈاک میں نوٹ ارسال کر دیتے ہیں۔ یہ ممنوع ہے۔